موسم گرما کی آموزش 2021
ساتھ مل کر تصور کریں

New York Public Library

محترم والدین/سرپرست،

نیو یارک پبلک لائبریری آپ کو اور آپ کی فیملی کو ہمارے بالکل نئے موسم گرما کے آموزشی پروگرام، **ساتھ مل کر تصور کریں (Imagine Together)** میں ہمارے ساتھ شامل ہونے کو مدعو کرتی ہے۔ اس موسم گرما میں، ہم ہر اس چیز کی تلاش و جستجو اور دریافت ‘کریں گے جس سے ہماری دنیا بنتی ہے: ہماری فیملی اور دوست احباب، ہمارے پڑوسی، وہ کمیونٹیز جن کا ہم ایک حصہ ہیں، ہمارا شہر اور اس سے آگے۔ لائبریری ہذا ابھی اور پورے سال آپ کا اور آپ کے بچے کا اس وقت تعاون کرنے کے لیے موجود ہے جب وہ پڑھیں گے، سیکھیں گے اور مزے کریں گے۔ بچوں نے ایک سال تک اپنی باقاعدہ آموزش کو سنگین حد تک تباہ حال دیکھا ہے، لہذا اس موسم گرما میں صلاحیتوں کو تیز رکھنا پہلے سے کہیں زیادہ اہم ہے۔ ساتھ مل کر، ہم بچوں کو ان کی کمیونٹیز سے دوبارہ مربوط کرتے ہوئے پہلے ہی تعلیمی سال کے لیے تیار کر سکتے ہیں۔ ہمارا موسم گرما کی آموزش (Summer Learning) کا مرکز ملاحظہ کریں: **NYPL.org/summer**

پڑھیں۔ ہم بچوں کو **اس موسم گرما میں کم از کم 20 منٹ روزانہ** پڑھنے کی ترغیب دیتے ہیں۔ اپنی کتابوں کا لاگ بنانے اور اپنے مطالعوں کی درجہ بندی کرنے کے لیے یہاں پر منسلک ریڈنگ ٹریکر استعمال کریں—یا ہمارا آن لائن ریڈنگ پورٹل چیک کریں۔ اور ہاں بھولیں نہیں کہ تمام مطالعہ—کتابوں اور آڈیو بکس سے لے کر کامکس اور مینگا تک—اہمیت رکھتا ہے!

سیکھیں۔ مطالعہ سیکھنے کا ایک زبردست طریقہ ہے—لیکن لائبریری کے پاس ڈھیروں دیگر طریقے بھی ہیں! **گھر لے جانے لائق سرگرمی کٹ** اٹھانے کے لیے اپنی مقامی برانچ پر رُکیں۔ اور، 27 جون سے، بچے ہمارے **ورچوئل سمر کیمپ** میں شامل ہو سکتے ہیں—جو تمام عمر والوں کے لیے چھ ہفتے کی پرلطف سرگرمیاں ہیں! (انگریزی میں)

مزہ لیں! لائبریری ہذا اس موسم گرما میں آپ کے بچوں کے تخیلات کو جلا بخشنے کے لیے ڈھیروں وسائل پیش کرتی ہے۔ ہمارے آس پاس کی دنیا کی تلاش و جستجو کرتے ہوئے موسم گرما کے ہمارے مفت پروگراموں کے بارے میں پتہ کریں۔ موسم گرما کے ہمارے تحریری مقابلے میں شامل ہونا نہ بھولیں! **ساتھ مل کر تصور کرنے (Imagine Together)** کے بہت سارے طریقے ہیں۔

ہم پورے موسم گرما میں—اور اس کے بعد بھی آپ کی اور آپ کے بچوں کی مدد کے لیے حاضر ہیں۔ اپنا لائبریری کارڈ اٹھائیں، یا آج ہی نیا کارڈ لیں، اور لائبریری کے پاس پیش کرنے کے لیے جو بھی چیز ہے اسے دریافت کریں۔ آپ کیا دریافت کریں گے؟

ہمیں امید ہے کہ آپ موسم گرما کا زبردست لطف اٹھائیں گے!
نیویارک پبلک لائبریری

نوٹ: اس سال کے پروگرام کے دوران، ہمیں بچوں کی کتاب کی معروف عکس نگار **Christian Robinson** کے کام کو نمایاں کرنے پر فخر ہے، جنھوں نے ہمیں اپنی کتابوں *You Matter* (جو NYPL کی بچوں کے لیے 2020 کی بہترین کتابوں میں سے ایک نامزد کتاب تھی!)، *Another*، اور *Last Stop on Market Street* سے فنی کام کو اجاگر کرنے کی خصوصی اجازت دی۔ Robinson اور ان کے کام سے متصف خصوصی پروگرامنگ کے مدنظر باخبر رہیں!